# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- سیشن کا آغاز جانوروں کے بارے میں بات چیت کر کے کیا جائے۔ بچوں سے جانوروں کی دیکھ بھال کرنے کی ضرورت پر بات چیت کریں۔ ان سے جانوروں کے پنجروں میں بند کرنے کے بارے میں پوچھیں کہ ان کی کیا رائے ہے۔
- کتاب کا سرورق دکھا کر بچوں سے سوالات کئے جائیں۔ بچے تصویریں دیکھ کر بتائیں کہ کون سے جانور بنے ہیں۔ بچے پہچان کر بتائیں کہ دو بلیاں بنی ہیں۔ ان سے پوچھیں کہ دونوں اتنی مختلف کیوں لگ رہی ہیں۔ بچے جو جواب دیں اس پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو بلونگڑا اور بچونگڑا کے معنی بتائیں۔ بچوں سے پوچھیں۔

1 کیا انہوں نے کبھی بلی پالی ہے؟
2 بلی کے بچوں کو قریب سے دیکھا ہے؟

- پالتو بلیوں اور دوسرے پالتو جانوروں کے بارے میں بات چیت کریں کہ ان کا خیال کس طرح رکھنا چاہیئے۔

10 منٹ

- بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔
  - 8 - 6 بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔

20 منٹ

- کتاب سے چند نئے الفاظ سے بچوں کو متعارف کروا کر کوپی میں لکھوائیں۔

سیڑھی، گلہری، انگڑائی، کھڑکی، کھکھوڑ، شامت، اندھیرا، جنگلی، برامدے، محلے، کھپریل

## ہوم ورک

- کہانی دوبارہ پڑھیں اور 5 نئے الفاظ چن کر ان کے جملے بنائیں۔

| ٹیچر کے لئے نوٹ |
| --- |
| سیشن 2 کے لئے ٹیچر مندرجہ ذیل چیزوں کا انتظام کریں۔ |
| Black hair bands، گوند، قینچی، برش، پوسٹر پینٹس، چارٹ پیپر |

# سیشن 2

**20 منٹ**

- بچوں کو گروپس میں تقسیم کریں۔ بورڈ پر بلی کے کانوں کا خاکہ بنائیں اور بچے خاکے کی آؤٹ لائن چارٹ پیپر پر بنائیں اور کاٹ لیں۔ کانوں کو hair band پر لگائیں۔

**25 منٹ**

- ایک گروپ اپنے hair bands پہنے۔ اس گروپ میں کچھ بچے گھر کی پالتو بلی اور کچھ گلی کی بلی بنیں۔ دوسرے گروپ کے بچے ان سے سوالات کریں اور دونوں بلیوں کا موازنہ کریں کہ وہ کیسی زندگی گزارتی ہیں۔ سوالات ان موضوع پر کیئے جا سکتے ہیں۔

  - رہنے کی جگہ کا فرق
  - کھانا ملنے اور ڈھونڈنے کا فرق
  - آزادی سے گھومنے اور گھر میں بند رہنے کا فرق
  - حفاظت
  - صفائی

- ہر گروپ کے بچے کو موقع دیں کہ وہ سوال کریں اور بلی کا کردار ادا کریں۔ ٹیچر دونوں بلیوں کی زندگی کے فرق کو پوائنٹس میں بورڈ پر لکھتی جائیں اور سیشن کے آخر میں بچے کوئی ◻ پوائنٹس کو بورڈ سے اپنی کوپی میں اتاریں۔

**گھر کی پالتو بلی**

- زیادہ وقت گھر میں بند رہتی ہے
- گھر میں رہنے کے لئے تربیت دی جاتی ہے
- کھانا آرام سے مل جاتا ہے۔
- انسانوں سے دوستی کرتی ہے۔
- لمبی اور آسان زندگی گزارتی ہے۔

**گلی کی بلی**

- آزادی سے گھومتی پھرتی ہے۔
- اپنی قدرتی instincts کا استعمال کرتی ہے۔
- کھانا ڈھونڈنا پڑتا ہے۔
- انسانوں سے ڈرتی ہے۔
- چھوٹی اور مشکل زندگی گزارتی ہے۔

## ہوم ورک

- 10 نئے الفاظ کا املا لیا جائے گا۔

# سیشن 3

**10 منٹ**

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - سیشن 1 میں لکھے ہوئے الفاظ سے املا کروائیں۔

**15 منٹ**

- املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**10 منٹ**

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

**10 منٹ**

- بچوں کو الفاظ / ضد کا concept بتائیں۔ جیسے اوپر نیچے' کالا گورا' الٹا سیدھا ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| رات | دن |
| سردی | گرمی |
| اندھیرا | اجالا |
| دوست | دشمن |
| پرانا | نیا |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| بھاری | ہلکا |
| اوپر | نیچے |
| زمین | آسمان |
| اندر | باہر |
| سفید | کالا |

## ہوم ورک

- کلاس میں 5 الفاظ چن کر ان کی ضد کے ساتھ جملوں میں استعمال کریں۔

# سیشن 4

10 منٹ

- بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔
  - بچوں سے کتاب کے متعلق زبانی سوال پوچھیں تاکہ پتہ چلے کہ بچوں کو کہانی کتنی سمجھ آئی ہے۔

20 منٹ

- کتاب میں سے کچھ سوالات بورڈ پر لکھیں بچے ان کے جواب اپنی کوپی میں لکھیں۔
  - کھڑکی پر نظر پڑتے ہی بلونگڑا کی آنکھیں کیوں چمکنے لگیں؟
  - بلونگڑا اور بچونگڑا نے رات بھر کیا کیا؟
  - سارے محلے کی خبر کون رکھتا تھا؟
  - دوسری گلی والے گھر میں بلونگڑا اور بچونگڑا کے ساتھ کیا ہوا؟
  - بلونگڑا اور بچونگڑا کا آپس میں کیا رشتہ تھا۔

## ہوم ورک

15 منٹ

- واحد کی جمع لکھ کر لائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| کھڑکی | کھڑکیاں |
| گرمی | گرمیاں |
| دوست | دوستوں |
| کمرہ | کمرے |

| واحد | جمع |
|---|---|
| سوراخ | سوراخوں |
| دروازہ | دروازے |
| آنکھ | آنکھیں |
| بلی | بلیاں |

# سیشن 5

**5 منٹ** • بچوں سے ان کے بہترین دوستے کے بارے میں پوچھیں۔

- صفحہ نمبر 1 سے 4 تک املا کروائیں۔

**40 منٹ** • بچوں سے میرا بہترین دوست پر پیرا گراف لکھوائیں۔

- دوست کا نام۔
- اس کی عمر۔
- کون سی جماعت میں ہے؟
- اس کی سالگرہ کب ہوتی ہے؟
- دیکھنے میں کیسا ہے؟
- اس کا پسندیدہ رنگ کیا ہے؟
- اس کا پسندیدہ کھانا کیا ہے؟
- اس کی پسندیدہ گھومنے کی جگہ کون سی ہے؟
- آپ کو اس کی کون سی بات اچھی لگتی ہے؟
- آپ کو اس کی کون سی بات بری لگتی ہے؟
- وہ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتا ہے؟
- کیا آپ دونوں ہمیشہ اچھے دوست رہیں گے؟

# بلونگڑا اور بچونگڑا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Rs 150